© rasailojaraid.com

اعلان کیا ہے کہ "جن لوگوں نے حضرت مرزا صاحب کے دعوی مسیح موعود و مہدی معہود کو قبول کیا ہے ان کو مجبوراً ان کے لوازم فضیلت اور خصوصیت نبوت کو قبول کرنا پڑے گا۔"

---

**قادیانی مذہب** | ازالحاج مولوی محمد الیاس برنی صاحب، استاذ معاشیات کلیہ جامعہ عثمانیہ - حیدرآباد - دکن ضخامت ۳۴۴ صفحات - ملنے کا پتہ :- کمال احمد صاحب فاروقی - بیت السلام - حیدرآباد - دکن۔

یہ قادیانی مذہب کا دوسرا ایڈیشن ہے اس میں برنی صاحب نے بہت زیادہ وسعت اور استقصار کے ساتھ تقریباً ڈھائی سو عنوانات کے تحت مرزا صاحب اور ان کے خلفاء و متبعین کی کتابوں سے ان کی سیرت، ان کی تعلیم و دعوت اور ان کے دعاوی نبوت و مہدویت و مسیحیت وغیرہ کے متعلق اقتباسات مہذب و مرتب کئے ہیں۔ اقتباسات کی ترتیب ایسی ہے کہ پڑھنے والا خود بخود اس نتیجہ پر پہنچ جاتا ہے جو لائق مرتب نے ان سے اخذ کیا ہے۔ عنوانات کے سوا مرتب نے اپنی طرف سے کسی رائے کا اظہار نہیں کیا ہے۔

**قادیانی حساب** | ازالحاج پروفیسر الیاس برنی صاحب۔ یہ بھی اسی سلسلے کا ایک مختصر رسالہ ہے جس میں قادیانی جماعت کے مختلف ٹریکٹوں کا جواب دیا گیا ہے جو "قادیانی مذہب" کی اشاعت کے بعد حیدرآباد اور بنگلور سے شائع ہوئے تھے۔

یہ دونوں رسائل پتہ بالا سے ۱۰ر کے ٹکٹ بھیج کر مفت طلب کئے جاسکتے ہیں۔

**رسالہ حسب و نسب** | از حکیم محمد عثمان صاحب ضخامت ۵۰ صفحات، قیمت ۵ر ملنے کا پتہ حکیم محمد عثمان صاحب، محلہ بیگہ، شیخپورہ، ضلع مونگیر۔

لائق مؤلف نے تحقیق و جامعیت کے ساتھ کلام اللہ اور احادیث سے حسب و نسب کی حقیقت پر بحث کی ہے، اور آجکل حسب و نسب پر جو اعتراضات کئے جاتے ہیں ان کے معقول جواب دیئے ہیں۔

**ازبلا** | ضخامت ۵۲ صفحات، قیمت ۱۲ر ملنے کا پتہ :- منیجر اخبار الجمعیۃ، دہلی۔

الجمعیۃ میں مدتوں ایک تبلیغی افسانہ شائع ہوتا رہا ہے جو اب کتابی صورت میں طبع کیا گیا ہے۔ اس میں ایک

© rasailojaraid.com